ورجینیا میں یہ ایک نیا دن ہے!

گرین کارڈ ہولڈرز کے لیے صحت کی کوریج سے متعلق نئے اصول!

تارکین وطن کے لیے صحت کی کوریج سے متعلق کن اصولوں میں تبدیلی ہو رہی ہے؟

ماضی میں، ریاستہائے متحدہ میں پانچ یا زیادہ سالوں تک رہنے والے گرین کارڈ ہولڈرز (جنہیں قانونی مستقل مکین بھی کہا جاتا ہے) کو ورجینیا میڈیکیڈ کی جانب سے صحت کی کوریج کے لیے اہل ہونے کی خاطر 40 کوارٹرز (10 سالوں) میں کیے گئے کام کی سرگزشت کا ثبوت دکھانے کی ضرورت ہوتی تھی۔ کام کے اس تقاضہ کو 31 مارچ، 2021 میں ختم کردیا جائے گا۔

اس کا کیا مطلب ہے؟

1 اپریل، 2021 کی شروعات سے، ریاستہائے متحدہ میں پانچ یا زیادہ سالوں تک رہنے والے گرین کارڈ ہولڈرز (قانونی مستقل مکین) اب ورجینیا میڈیکیڈ کی جانب سے مفت یا کم لاگت والی صحت کی کوریج کے اہل ہو سکتے ہیں۔ پانچ سالوں کا آغاز آپ کے ریاستہائے متحدہ میں داخل ہونے کی تاریخ سے ہوتا ہے۔

ورجینیا میڈیکیڈ کیا ہے؟

ورجینیا میڈیکیڈ ایک مکمل صحت کا بیمہ ہے۔ یہ ڈاکٹر کی ملاقاتوں، نسخوں، ہسپتال کی نگہداشت، دانتوں کی دیکھ بھال، اور بہت ساری چیزوں کا احاطہ کرتی ہے۔

درخواست دینے یا مزید جاننے کے طریقے:

کامن ہیلپ پر آن لائن درخواست دیں: **www.commonhelp.virginia.gov**
www.coverva.org یا **www.cubrevirginia.org** ملاحظہ کریں

اپنے مقامی نیویگیٹر یا درخواست کے معاون سے **www.coverva.org/findhelp/**
یا **https://www.cubrevirginia.org/findhelp/** پر رابطہ کریں یا 1-888-392-5132 پر کال کریں

کور ورجینیا کال سینٹر کو 1-855-242-8282 (TDD: 1-888-221-1590) پر فون کے ذریعہ درخواست دینے کے لیے پیر - جمعہ: صبح 8:00 بجے سے شام 7:00 بجے یا ہفتہ کے روز:صبح 9:00 بجے سے دوپہر 12:00 بجے کال کریں

اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے پاس ڈاک کے ذریعہ بھیجیں یا کاغذی درخواست دیں (انگریزی یا ہسپانوی)۔
ذیل پر جاکر اپنا نزدیکی مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات تلاش کریں: **dss.virginia.gov/localagency/**

ترجمہ اور ترجمانی کی خدمات کور ورجینیا کے ذریعہ تمام زبانوں میں 1-855-242-8282 پر دستیاب ہیں

صحت کی کوریج حاصل کرنے کے دوسرے طریقے ہیں جس میں پناہ گزین، ریفیوجیز، ***قانونی طور پر رہنے والے بچے، حاملہ خواتین، تارکین وطن اور دیگر اہل غیر-شہری شامل ہیں جنہیں ہنگامی نگہداشت کی ضرورت ہو۔ یہ دیکھنے کے لئے درخواست دینا ضروری ہے کہ آیا آپ اہل ہیں!***

COVER VIRGINIA
Connecting Virginians to Affordable Health Insurance

VIRGINIA'S MEDICAID PROGRAM
DMAS